میرٹ پیکیجنگ لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی۔ 74200

نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میرٹ پیکجنگ لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) بروز پیر، 6 مئی 2024 بوقت 3:00 بجے شام، بمقام پاکستان اسٹاک ایکسچینج آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ کراچی میں منعقد ہوگا، نیز اجلاس ہذا میں درج ذیل امور میں شرکت کیلئے الیکٹرانک ذرائع/ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی:

جیسا کہ بورڈ کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے مختص کیا گیا ہے کہ، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے مطابق تین سال کی مدت کیلئے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

درج ذیل ڈائریکٹرز ریٹائر ہو رہے ہیں اور اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ منتخب ہونے کے قابل ہیں:

1۔ جناب اقبال علی لاکھانی
2۔ جناب امین محمد لاکھانی
3۔ محترمہ انوشکا لاکھانی
4۔ جناب آفتاب احمد
5۔ جناب آغا شاہ ولی اللہ
6۔ جناب فرخ شوکت انصاری
7۔ جناب احمد مناف

بحکم بورڈ
(منصور احمد)
کمپنی سیکرٹری

تاریخ 2 اپریل 2024

نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 27 اپریل 2024 تا 6 مئی 2024 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو (FAMCO) شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی کو آخری کاروباری دن 26 اپریل 2024 کو موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت تصور کیا جائے گا اور انھیں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کا حق حاصل ہوگا۔

2۔ غیر معمولی اجلاس میں بذات خود یا ویڈیو کانفرنسگ کے ذریعے شرکت کرنا

الف۔ کوئی بھی ایسا ممبر جس نے اپنے حصص سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کروا دیئے ہیں، اپنا شراکت داری آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر معہ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ساتھ لانا لازمی ہے۔

ب۔ غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں ذاتی طور پر یا بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کیلئے سہولت کی فراہمی:

غیر معمولی سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع شرکت کیلئے درج ذیل بندوبست کیا جائے گا:

الف۔ ہمارے وہ ممبران کو جو کہ بذریعہ زوم (Zoom) ایپلیکیشن اجلاس میں شرکت کے خواہاں ہیں انھیں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

ب۔ بذریعہ زوم ایپلیکیشن غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں سے گزارش ہے کہ اپنی مندرجہ ذیل معلومات کمپنی سیکرٹری کو اجلاس شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل (یعنی 4 مئی 2024، شام 3:00 بجے سے قبل) فراہم کر کے خود کو رجسٹر کروالیں، مندرجہ ذیل ذرائع سے اپنی معلومات بھیجی جاسکتی ہیں:

i) موبائل/واٹس ایپ نمبر: 0315 500828
ii) ای میل ایڈریس: comsec@meritpack.com

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، فولیو/سی ڈی سی نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس ارسال کریں۔

دلچسپی رکھنے والے ممبران کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات فراہم کئے جانے کے بعد کمپنی کی جانب سے انھیں ان کے ای میل ایڈریس پر آن لائن لاگ ان ہونے کیلئے معلومات بھیجی جائیں گی۔ غیر معمولی اجلاس عام کے دن شیئر ہولڈرز اپنے موبائل فونز یا کمپیوٹر کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا ذرائع سے غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے دوران شیئر ہولڈرز اجلاس کے مجوزہ ایجنڈے پر اپنی آراء/مشورے بھی دے سکتے ہیں۔

3۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

موجودہ ڈائریکٹرز 04 مئی 2024 کو اپنی مدت پوری کر کے سبکدوش ہو رہے ہیں۔ ایکٹ کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ کی جانب سے منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) مقرر کی گئی ہے، منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کو غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے اگلے تین سال کیلئے منتخب کیا جائے گا۔

غیر جانبدار ڈائریکٹرز کو ایکٹ کی شقوں، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور کمپنیز (مینز اینڈ سیلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے تحت منتخب کیا جائے گا۔

لہذا، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی ریگولیشن 7A کے تحت ڈائریکٹرز کو مندرجہ ذیل کیٹگریز میں منتخب کیا جائے گا:

ڈائریکٹرز کی کیٹگری	اسامیوں کی تعداد
خواتین ڈائریکٹرز	1
غیر جانبدار ڈائریکٹرز	2
دیگر ڈائریکٹرز	4

کوئی بھی شخص جو کہ مذکورہ بالا کیٹگریز میں انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، جیسی بھی صورت ہو، خواہ وہ شخص سبکدوش ہونے والا کوئی ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور شخص، اسے کمپنی کے سیکرٹری کے پاس کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں غیر معمولی اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانا ہونگی:

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت امیدوار کی جانب سے کسی بھی مذکورہ کیٹگری میں بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کی خواہش کے اظہار کا نوٹس؛

بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کی خواہش کے اظہار کا نوٹس دینے والے امیدوار کیلئے لازم ہوگا کہ مذکورہ بالا کیٹگریز میں سے کسی ایک کیٹگری کا انتخاب کرے اور اپنے نوٹس میں بصراحت ذکر کرے کہ وہ ڈائریکٹرز کی کس کیٹگری کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے؛

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)167 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت بطور ڈائریکٹر فرائض ادا کرنے کی رضامندی (فارم-9 کا ضمیمہ) کا اظہار۔

ج۔ مفصل ذاتی کوائف نامہ معہ دفتری پتہ؛

د۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 میں لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹرز اور غیر جانبدار ڈائریکٹرز کی اہلیت سے متعلق شرائط کی روشنی میں اس بات کا حلف جمع کروانا کہ امیدواران ضوابط اور شرائط پر پورا اترتا ہے؛

ھ۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این کی مصدقہ نقول؛
و۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت ہوگا اور انھیں ایکٹ کے سیکشن 166 اور کمپنیز (مینز اینڈ سیلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 میں مذکور اہلیت کی شرائط پر پورا اترنا ہوگا۔ لہذا غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کو مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانا ہونگی:

☆ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹرز کی جانب سے حلف نامہ؛
☆ غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر امیدوار کی جانب سے حلف نامہ کہ امیدوار کمپنیز (مینز اینڈ سیلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ذیلی ریگولیشن (1) بابت ریگولیشن 4 کے تحت امیدوار غیر جانبدار ڈائریکٹر کی اہلیت پر پورا اترتا ہے۔

اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے سیکشن (4)159 کے تحت انتخاب میں حصہ لینے والے کی حتمی فہرست جاری کر دی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی مطلوبہ معلومات کی تجدید کر دی جائے گی۔

4۔ پراکسی کی تعیناتی کی شرائط

الف۔ ایسا کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی نہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہار رائے کرنے اور حق رائے استعمال کرنے کا استحقاق رکھتا ہو، اپنی جگہ ان تمام حقوق کی ادئیگی کیلئے پراکسی مقرر کر سکتا ہے جیسا کہ اجلاس میں شرکت کرنا، اظہار رائے اور حق رائے دہی استعمال کرنا۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

ب۔ پراکسی فارم کے قابل قبول ہونے کیلئے لازم ہے کہ فارم کو باقاعدہ پُر کیا گیا ہو اور فارم اجلاس شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل، علاوہ تعطیلات، کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں موصول ہو جائے۔

ج۔ پراکسی فارم پر دو افراد بطور گواہ دستخط کریں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہونا لازم ہے۔

د۔ مستفید مالک اور پراکسی دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ لازماً منسلک کی جائیں۔

ھ۔ پراکسی کیلئے لازم ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ظاہر کرے۔

و۔ بصورت کاروباری ادارہ، بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرار/پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کروانا لازم ہے (اگر یہ دستاویزات اس سے قبل جمع نہیں کروائی گئیں ہیں تو)۔

5۔ شیئر ہولڈرز کے پتوں اور دیگر کوائف کی تجدید

ایسے ممبران جن کے پاس کمپنی کے حصص کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہیں ان سے گزارش ہے کہ اگر ان کے پتے یا دیگر کوائف میں کسی قسم کی تبدیلی واقع ہوئی ہے تو اس تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر آگاہ کریں۔ البتہ جن شیئر ہولڈرز کے پاس حصص الیکٹرانک صورت میں موجود ہیں وہ اپنے کوائف کی تجدید کیلئے اپنے سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹس سروسز سے رابطہ کریں۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 ریگولیشن 47 کے تحت تمام حاملین حصص خواہ حصص الیکٹرانک صورت میں ہوں یا کاغذی (فزیکل) صورت میں ہوں ان سے گزارش ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس، موبائل فون نمبر کی اپنے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں تجدید کروالیں۔

6۔ کاغذی (فزیکل) حصص کی بک انٹری صورت میں تبدیلی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ایک خط بحوالہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021 جاری کیا گیا ہے، اس خط میں تمام کمپنیوں کی توجہ اس جانب مبذول کروائی گئی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود حصص کو بک انٹری صورت میں منتقل کریں، یہ منتقلی ایکٹ ہذا کے نفاذ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ چار سال کے اندر ہو جانی چاہیئے۔

مذکورہ بالا سیکشن 72 کی مکمل پاسداری کرنے اور حصص کو بک انٹری کی صورت میں رکھنے کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے تمام شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے جلد از جلد اپنے کاغذی (فزیکل) حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کروالیں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوانے اور کاغذی (فزیکل) حصص کو بک انٹری صورت میں منتقل کروانے کیلئے اپنے بروکر، سی ڈی سی شراکت دار یا سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹ سروس فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ ایسا کرنے سے شیئر ہولڈرز کو کئی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں جیسا کہ حصص کی حفاظت اور رسمی کاروائی سے بچتے ہوئے مثبتی حصص کا اجراء وغیرہ۔

7۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعوہ شدہ ڈیویڈنڈ

غیر دعوہ شدہ ڈیویڈنڈ کی جدید فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com پر دستیاب ہے۔ یہ حصص/ڈیویڈنڈ واجب الادا ہونے کی تاریخ سے عرصہ تین سال سے غیر دعوہ/غیر ادا شدہ صورت میں موجود ہیں۔ شیئر ہولڈرز اس ضمن میں کلیم فارم پر اپنے دعوے دائر کر سکتے ہیں، کلیم فارم کمپنی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔ حصص/ڈیویڈنڈ وصول کرنے کیلئے کلیم فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

8۔ ای ووٹنگ اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا طریقہ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018 کے مطابق الیکٹرانک ذرائع سے حق رائے دہی کی سہولت فراہم کی جائے گی، یہ سہولت اس صورت میں فراہم کی جائے گی کہ اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے امیدواروں کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق ڈائریکٹرز کی متعین کی گئی تعداد سے زائد ہو۔

ای ووٹنگ کی سہولت سے متعلق معلومات بذریعہ ای میل ان ممبران کو ارسال کی جائیں گی جن کے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر برائے ممبران میں درج ہوں۔

ای ووٹنگ کی سہولت 2 مئی 2024 بوقت 5:00 بجے شام شروع کی جائیں گی اور یہ جو کہ 5 مئی 2024 بوقت شام 5:00 بجے بند کر دی جائیں گی۔ مذکورہ اوقات کے دوران کسی بھی وقت ممبران اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ کسی ممبر کی جانب سے حق رائے استعمال کئے جانے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جاسکے گا۔

بطور متبادل ممبران بذریعہ ڈاک بھی اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں جو کہ انھیں ارسال کر دیئے جائیں گے۔ پوسٹل بیلٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ پُر شدہ پوسٹل بیلٹ پیپر معہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل بذریعہ ڈاک چیئرمین اجلاس کو غیر معمولی اجلاس عام سے ایک دن قبل یعنی 5 مئی 2024 شام 5:00 بجے تک کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتے لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی کے پتے پر یا ای میل ایڈریس chairman@meritpack.com پر موصول ہو جانے چاہئیں۔

مقررہ وقت یا تاریخ کے موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ پیپر کو ووٹنگ میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ پوسٹل بیلٹ پیپر پر کئے گئے دستخط کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر کئے گئے دستخط کے مطابق ہونا لازمی ہے۔

ایک مرتبہ کسی ممبر یا پراکسی کی جانب سے حق رائے دہی استعمال کئے جانے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جاسکے گا۔

برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ کسی بھی تنازعہ بشمول ایک سے زائد ووٹ کاسٹنگ کی صورت میں چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

ممبران اس بات کا حق محفوظ رکھتے ہیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 تا سیکشن 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی قابل اطلاق شقوں کے تحت پولنگ کا مطالبہ کریں۔

9۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فراہمی بصورت عدم فراہمی

ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس حصص سی ڈی سی صورت میں نہیں ہیں کو ایک مرتبہ پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ اپنے تجدید شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو (FAMCO) شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں اگر اس سے پہلے آپ نے شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کروائی ہے۔ بصورت سی ڈی سی، آئی اے ایس یا شراکتی اکاؤنٹ ہولڈرز، برائے مہربانی اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل سی ڈی سی، آئی اے ایس یا اپنے متعلقہ شراکت دار کے پاس جمع کروادیں۔

10۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134 کے تحت بیان اور پراکسی فارم ملفوف ہیں۔

اور کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com پر بھی دستیاب ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے مطابق اہم حقائق سے متعلق بیان

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے تحت کمپنی کیلئے لازم ہے کہ کمپنی کے بورڈ میں غیر جانبدار ڈائریکٹرز کو شامل کیا جائے۔ کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 اور (2)166 کی شرائط پر مکمل عمل کیا جائے۔

غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے حتمی انتخاب میں بنیادی قابلیت، تنوع، مہارتوں اور تجربہ کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔

موجودہ ڈائریکٹرز کا کمپنی کے مذکورہ بالا امور میں کوئی مفاد نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ وہ اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ منتخب ہو سکتے ہیں۔

49x4